پروفیسر محمد حمزہ نعیم

# ہلالِ عید (شوال) کہاں اور کب نظر آئے گا؟

## حرمین شریفین سمیت دنیا کے 30 بڑے شہروں کی تقابلی جدول 1428ھ

''ماہ'' کا لفظی معنیٰ چاند ہے۔ جیسا کہ مون سے مہینے کے لیے لفظ ''منتھ'' (Month) بنتا ہے۔ نظر آئے تو چاند، نظر نہ آئے تو کچھ بھی نہیں۔ مطلب یہ ہوا کہ مہینہ وہیں سے شروع ہوتا ہے جہاں سے چاند نظر آئے۔ اسی مفہوم کو ایک حدیث پاک میں بتایا گیا کہ ''اِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاَكْمِلُوْا الْعِدَّةَ ثَلَاثِيْنَ اگر بادل وغیرہ ہوں (اور چاند نظر نہ آئے) تو 30 کی گنتی پوری کرلو۔'' واضح بات ہے کہ بادل گرد و غبار عینی رویت میں حائل ہوتے ہیں۔ انسانی آنکھ بادلوں کی وجہ سے ہلال نہیں دیکھ سکتی۔ علمی چاند کے لیے تو بادل گرد و غبار وغیرہ کچھ بھی حائل نہیں ہوتا۔ پھر عینی رویت والا چاند افق مغرب میں غروب شمس کے بعد ڈھونڈنا پڑتا ہے۔ جب کہ علمی چاند کے لیے کسی افق کسی مطلع پر نظر ڈالنے کی ضرورت نہیں ہوتی وہ تو حساب کر کے دو جمع دو چار کی طرح بتایا جاسکتا ہے کہ نیا چاند ہوگیا ہے۔ پھر ہلال تو بوقت مغرب ہی دیکھا جاتا ہے جب کہ علمی چاند 24 گھنٹوں میں کسی بھی وقت ہوا کرتا ہے۔ جیسا کہ سعودی محکمہ قضاء اعلیٰ کا اعلان ہے کہ اگر غروبِ آفتاب سے 12 گھنٹے پہلے نیومون ہو جائے یعنی گزشتہ آدھی رات کے بعد بھی تو...... اُس دن کو سابقہ مہینہ کا آخری دن نہیں بلکہ آنے والے مہینہ کا پہلا دن شمار کرلیا جاتا ہے۔

ہندو تہذیب میں بھی نظر آنے والے چاند کو دوج لگنا (یعنی دوسری شب) شمار کیا جاتا ہے اور اُس سے پہلے والے دن اور گزشتہ رات کو پہلی شب گردانا جاتا ہے۔ گویا وہ بھی نیومون کو اوّل ماہ شمار کرتے ہیں لیکن نیومون جدید سائنس دانوں کی اصطلاح ہو یا دوج اور اماوس قدیم ہندی تہذیب کے الفاظ، سب اہل علم وقدیم وجدید یہی کہتے ہیں کہ نیومون یعنی اماوس ایسا وقت ہوتا ہے جب ہلال نظر آنا ممکن نہیں ہوتا۔ نیومون عین اجتماع شمس وقمر کو کہتے ہیں اور اسی لمحے چاند کی پیدائش یعنی نئے اصطلاحی چاند کی عمر شروع ہوتی ہے۔ چاند کی عمر 20 سے 30 گھنٹے ہو تو اُس کے آنکھوں سے نظر آنے کے امکانات شروع ہوتے ہیں اور غروب آفتاب کے تقریباً 50 منٹ بعد تک چاند کا افق پر کھڑا رہنا بھی ضروری ہوتا ہے تاکہ سورج کی شعاعوں سے نکل کر وہ انسانی نظروں میں آسکے ......حرمین شریفین سمیت دنیا کے 30 بڑے شہروں کی ہلال عید الفطر کی تقابلی جدول حاضر ہے۔ جس میں سڈنی، کوالالمپور، کولمبو، خرطوم کے بعد اور شاید مکہ مکرمہ میں 12 راکتوبر کی شام ہلال عید نظر آسکے گا۔ جب کہ باقی تمام دنیا میں 13 راکتوبر 2007ء سے پہلے ہلالِ عید نظر نہ آئے گا۔ جدول ملاحظہ ہو:

# جدول رویت ہلال

مورخہ 11/اکتوبر 2007ء　　　　مورخہ 12/اکتوبر 2007ء

| شہر کا نام | غروب آفتاب کا مقامی وقت | چاند کی عمر بوقت غروب آفتاب | سورج غروب ہونے سے کتنا پہلے یا بعد چاند غروب ہوگا؟ | غروب آفتاب کا مقامی وقت | چاند کی عمر بوقت غروب آفتاب | سورج غروب ہونے سے کتنا بعد چاند غروب ہوگا؟ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مکہ مکرمہ | 18:00 | 9:59 | ایک منٹ پہلے | 17:59 | 33:58 | 33منٹ بعد |
| مدینہ منورہ | 17:57 | 9:56 | 3منٹ پہلے | 17:56 | 33:55 | 30منٹ بعد |
| جدہ | 18:02 | 10:01 | ایک منٹ پہلے | 18:01 | 34:00 | 33منٹ بعد |
| ریاض | 17:29 | 9:28 | 3منٹ پہلے | 17:28 | 33:27 | 29منٹ بعد |
| کراچی | 18:09 | 8:08 | 5منٹ پہلے | 18:08 | 32:07 | 27منٹ بعد |
| گوادر | 18:27 | 8:26 | 5منٹ پہلے | 18:26 | 32:25 | 28منٹ بعد |
| لاہور | 17:36 | 7:35 | 9منٹ پہلے | 17:35 | 31:34 | 20منٹ بعد |
| جھنگ | 17:44 | 7:43 | 9منٹ پہلے | 17:43 | 31:42 | 21منٹ بعد |
| چارسدہ | 17:43 | 7:42 | 10منٹ پہلے | 17:41 | 31:40 | 17منٹ بعد |
| پشاور | 17:44 | 7:43 | 10منٹ پہلے | 17:43 | 31:42 | 18منٹ بعد |
| رباط، مراکش | 18:01 | 13:00 | 4منٹ پہلے | 18:00 | 36:59 | 24منٹ بعد |
| قاہرہ | 17:29 | 10:28 | 5منٹ پہلے | 17:27 | 34:26 | 25منٹ بعد |
| خرطوم | 17:31 | 10:30 | 2منٹ پہلے | 17:30 | 34:29 | 39منٹ بعد |
| دمشق | 17:06 | 10:05 | 7منٹ پہلے | 17:05 | 34:04 | 21منٹ بعد |
| بغداد | 17:33 | 9:32 | 8منٹ پہلے | 17:32 | 33:31 | 21منٹ بعد |
| قندھار | 17:38 | 8:07 | 9منٹ پہلے | 17:37 | 32:06 | 20منٹ بعد |
| دہلی | 17:56 | 7:25 | 8منٹ پہلے | 17:54 | 31:23 | 22منٹ بعد |
| ڈھاکہ | 17:35 | 6:34 | 7منٹ پہلے | 17:34 | 30:33 | 26منٹ بعد |
| کوالالمپور | 19:00 | 5:59 | برابر | 19:00 | 29:59 | 39منٹ بعد |

| شہر کا نام | غروب آفتاب کا مقامی وقت | چاند کی عمر بوقت غروب آفتاب | سورج غروب ہونے سے کتنا پہلے یا بعد چاند غروب ہوگا؟ | غروب آفتاب کا مقامی وقت | چاند کی عمر بوقت غروب آفتاب | سورج غروب ہونے سے کتنا بعد چاند غروب ہوگا؟ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کولمبو | 17:55 | 7:24 | ایک منٹ بعد | 17:54 | 31:23 | 40 منٹ بعد |
| سڈنی | 19:05 | 3:04 | 6 منٹ بعد | 19:05 | 27:04 | 63 منٹ بعد |
| طرابلس، لیبیا | 18:39 | 11:38 | 5 منٹ پہلے | 18:38 | 35:37 | 23 منٹ بعد |
| لندن | 17:17 | 12:16 | 21 منٹ پہلے | 17:15 | 36:14 | 5 منٹ پہلے |
| واشنگٹن | 17:36 | 17:35 | 3 منٹ پہلے | 17:35 | 41:34 | 23 منٹ بعد |
| اوٹاوہ، کینیڈا | 17:27 | 17:26 | 10 منٹ پہلے | 17:25 | 41:24 | 11 منٹ بعد |
| اوسلو | 17:18 | 11:17 | 36 منٹ پہلے | 17:15 | 35:14 | 34 منٹ پہلے |
| کوپن ہیگن | 17:19 | 11:18 | 28 منٹ پہلے | 17:16 | 35:15 | 18 منٹ پہلے |
| سٹاک ہالم | 16:53 | 10:52 | 34 منٹ پہلے | 16:50 | 34:49 | 30 منٹ پہلے |
| ماسکو | 17:39 | 9:38 | 29 منٹ پہلے | 17:36 | 33:35 | 19 منٹ پہلے |
| ایڈمنٹن (کینیڈا) | 17:48 | 19:47 | 20 منٹ پہلے | 17:46 | 43:45 | 7 منٹ پہلے |

نوٹ: اس جدول کی تیاری میں رائل آبزرویٹری گرین وچ لندن سے مدد لی گئی ہے۔

## مسافرانِ آخرت

☆ سید محمد کفیل بخاری کی پھوپھی زاد بہن اور سید ریاض شاہ صاحب، سید فیاض شاہ صاحب کی حقیقی بہن ۱۲؍ رمضان المبارک ۱۴۲۸ھ مطابق ۲۵؍ ستمبر ۲۰۰۷ء پسرور ضلع سیالکوٹ میں انتقال کرگئیں۔

☆ ساہیوال سے تعلق رکھنے والے اٹلی کے ممتاز صحافی اور مصنف جاوید کنول کی اہلیہ گزشتہ دنوں ساہیوال میں انتقال کرگئیں۔ چیچہ وطنی کے بزرگ محمد اسلم شیخ اور مجلس احرار اسلام کے رہنما عبداللطیف خالد چیمہ نے اُن کے انتقال پر تعزیت اور دعائے مغفرت کی ہے۔

☆ بابائے احرار میاں غلام فرید کے بھانجے اور اللہ یار ظفر، ماسٹر اللہ بخش سلیمی کے بھائی قدیمی احرار کارکن احمد یار اختر مرحوم (کمالیہ) وفات: ۱۳؍ ستمبر ۲۰۰۷ء۔ بروز جمعرات ☆ جام حاجی ممتاز احمد ماہڑہ مرحوم (مظفر گڑھ) گزشتہ ماہ انتقال کرگئے۔

قارئین سے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

## دعائے صحت

☆ والدہ صاحبہ حافظ شفیق الرحمٰن (رفیق سفر حضرت پیر جی مدظلہ) ☆ بنت عبدالرحمٰن جامی نقشبندی (جلال پور پیروالا) علیل ہیں۔ قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)